© rasailojaraid.com

## افادات امام ابن تیمیہ

ترجمہ۔ مولانا حافظ محمد زکریا مرحوم

ناشر۔ مکتبہ سلفیہ۔ شیش محل روڈ لاہور

صفحات ۱۶۸ - قیمت۔ تین روپے پچھتر پیسے

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ (متوفی ۷۲۸ ہجری) اور ان کے نامور شاگرد امام ابن قیم (متوفی ۷۵۱ ہجری) علم و تحقیق کے میدان کی نہایت اونچی شخصیتیں تھیں۔ امام ابن تیمیہ صرف صاحب قلم ہی نہ تھے، صاحب سیف و سنان بھی تھے۔ انھوں نے قلم اور تلوار دونوں کے ذریعے فرق باطلہ کے خلاف جہاد کیا اور غلط عقائد کو ہدف تردید ٹھہرایا۔ زیر تبصرہ کتاب "افادات امام ابن تیمیہ" اس عظیم شخصیت کے آٹھ رسالوں کا اردو ترجمہ ہے، جو نہایت اہم اور زندگی میں ہمیشہ پیش آنے والے ضروری مسائل کو محیط ہے۔ علاوہ ازیں اس میں ان کے تلمیذ رشید امام ابن قیم رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف "روضۃ المحبین" کے بھی ایک باب کا ترجمہ شامل ہے۔

ترجمہ مولانا حافظ محمد زکریا مرحوم کے رشحات قلم کا نتیجہ ہے، جو ضلع لائل پور کے ایک گاؤں (جھوک دادو) کے رہنے والے تھے۔ مرحوم عالم شباب ہی میں وفات پاگئے۔ نہایت نیک، ذی علم صاحب ذوق اور متدین شخص تھے۔ ترجمہ کی زبان رواں دواں ہے۔

مضامین کتاب کی عمدگی اور افادیت کے پیش نظر ہم اپنے معزز قارئین سے درخواست کریں گے کہ وہ اس کو اپنے علم و مطالعہ میں لائیں اور اس کے مندرجات سے مستفید ہوں۔

---

© rasailojaraid.com